E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعہ 31 جولائی 2026ء/16 صفر المظفر 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 181

حکومت نے نئے مالی سال کے لیے برآمدات، سرمایہ کاری، روزگار، جدید ٹیکنالوجی اور انسانی وسائل کی ترقی پر مبنی اقتصادی روڈ میپ پیش کر دیا

محنت سے بحال کیا معاشی استحکام کسی صورت متاثر نہیں ہونے دینگے

اقبال احسن

۔ مالی سال 2025-26 کے دوران ترسیلاتِ زر میں 8.6 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور یہ 38.3 ارب ڈالر سے بڑھ کر 41.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں،

حکومت نے بروقت اور مؤثر معاشی فیصلوں کے ذریعے ملک کو دیوالیہ پن کے خطرے سے نکال کر معاشی بحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے وزارتِ منصوبہ بندی کی ''ماہانہ ترقیاتی رپورٹ جولائی 2026'' جاری کرتے ہوئے نئے مالی سال 2026-27 کے معاشی اہداف، قومی ترقیاتی ترجیحات اور حکومتی حکمتِ عملی کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔ اس موقع پر میڈیا بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے بروقت اور مؤثر معاشی فیصلوں کے ذریعے ملک کو دیوالیہ پن کے خطرے سے نکال کر معاشی بحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا ہے جبکہ اب حکومت کی اولین ترجیح اس مشکل سے حاصل ہونے والے معاشی استحکام کا ہر قیمت پر تحفظ کرتے ہوئے اسے ''اڑان پاکستان'' کے قومی ترقیاتی فریم ورک کے تحت پائیدار اقتصادی ترقی، سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور مشترکہ قومی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عالمی معیشت اس وقت غیر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر قومی صحت مصطفیٰ کمال ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ تعلیم سندھ کا سرکاری و نجی اسکول ہفتے میں 6 روز کھولنے کا حکم، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے صوبے بھر میں سرکاری و نجی اسکول یکم اگست سے 6 روز تک کھولنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ صوبائی محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سندھ کے سرکاری و نجی اسکول یکم اگست سے 6 روز کھولے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ یکم اگست سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

فریقین کو اسلام آباد ایم او یو کی جانب دوبارہ لانے کی کوشش کر رہے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ کا مغربی ایشیاء کی صورتحال پر تشویش کا اظہار

پاکستان کا ایک بار پھر امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور

چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال پھر دگرگوں ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے

پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور دیتے ہوئے مغربی ایشیا کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال پھر دگرگوں ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے، سعودی عرب کو اپنے دفاع کا مکمل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



فیصل آباد: ڈسٹرکٹ بار میں منعقدہ تقریب سے مذہبی اسکالر مولانا ناصر مدنی، صدر بار میاں طارق محمود، سیکرٹری کلیم اللہ گل، و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ہلدیاتی حکومت نے تاریخی ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کر دیا ہے، کرم اللہ وقاصی

پیپلز پارٹی کراچی کو ایک جدید، خوبصورت اور ترقی یافتہ میگا سٹی بنانے کے خواب کو عملی شکل دے گی

کراچی (این این آئی) میئر کراچی کے ترجمان اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بلدیاتی قیادت کراچی کی ترقی اور عوامی خدمت کے سفر کو عملی اقدامات کے ذریعے آگے بڑھا رہی ہے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی متحرک قیادت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

ڈپلومیٹک انکلیو سیکورٹی ڈویژن میں ''انیگر ال گلوبل'' کے تعاون سے فری میڈیکل کیمپ

کیمپ میں پولیس اہلکاروں کے مفت طبی معائنے کیے گئے، ماہر ڈاکٹرز نے صحت سے متعلق ضروری طبی مشورے فراہم کیے

اسلام آباد (این این آئی) پولیس افسران و جوانوں کیلئے ڈپلومیٹک انکلیو سیکورٹی ڈویژن میں ''انیگر ال گلوبل'' کے تعاون سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں پولیس اہلکاروں کے مفت طبی معائنے کیے گئے اور ماہر ڈاکٹرز نے صحت سے متعلق ضروری طبی مشورے بھی فراہم کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کا فیض آباد کا دورہ

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے فیض آباد کا دورہ کر کے غیر قانونی بس اڈوں، تجاوزات اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے فیض آباد کا دورہ کیا۔

جدہ گرین نے فائنل جیت کر ٹورنامنٹ کی ٹرافی اپنے نام کر لی

جدہ کرکٹ کلب کے فائنل میں جدہ گرین نے جدہ بلیو کو 66 رنز سے شکست دی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سعودی عرب میں جدہ کرکٹ کلب کے زیر اہتمام کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں جدہ گرین نجیدہ بلیو کو شکست دے کر ونگ ٹرافی اپنے نام کر لی، تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین پاکستان انویسٹرز فورم سعودی عرب چوہدری شفقت محمود نے کھلاڑیوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

بھوانہ بازار الیکشن: حافظ یحییٰ طارق مضبوط صدارتی امیدوار کے طور پر سامنے آ گئے

حافظ یحییٰ طارق ہمیشہ تاجروں کے مسائل کے حل، کاروباری ماحول کی بہتری اور باہمی اتحاد کے فروغ کے لیے سرگرم رہے ہیں

آئندہ انتخابات میں حافظ یحییٰ طارق ایک مضبوط امیدوار کے طور پر نمایاں حیثیت رکھتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بھوانہ بازار کی تاجر برادری کے سالانہ انتخابات میں کیا جا رہا ہے، جبکہ بازار کے متعدد تاجروں کا کہنا ہے کہ حافظ یحییٰ طارق ہمیشہ تاجروں کے



صدارتی امیدوار حافظ یحییٰ طارق ایک مضبوط اور متحرک امیدوار کے طور پر سامنے آ رہے ہیں۔ تاجر برادری کے مختلف حلقوں کی جانب سے انہیں بھرپور حمایت حاصل ہونے کا دعویٰ مسائل کے حل، کاروباری ماحول کی بہتری اور باہمی اتحاد کے فروغ کے لیے سرگرم رہے ہیں۔ انتخابی مہم کے دوران حافظ یحییٰ طارق نے اس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)



فیصل آباد: معروف سماجی سیاسی شخصیت ارشد نکھ کے بڑے بھائی ظفر اقبال کے رسم چہلم میں میاں شہزاد، میاں عمران، میاں یاسین، مظہر اقبال، ساجد رشید، ارشد آرہا، میاں طاہر عرفات و دیگر اہل علاقہ شریک ہیں

پختونخوا دہشت گردوں کے رحم وکرم پر، حکمران اقتدار کی سیاست میں مگن ہیں، ایمل ولی خان

24 گھنٹے میں درجن سے زائد پولیس اہلکار شہید ہوئے لیکن حکمرانوں کے پاس مذمتی بیانات کے سوا کچھ نہیں

امن، جمہوریت اور پختون وطن کے دفاع کی جدوجہد ہر قیمت پر جاری رہے گی، بیان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے پختونخوا میں امن وامان کی بدترین صورتحال پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پختونخوا عملاً لاوارث ہو چکا ہے، عوام دہشت گردوں کے رحم وکرم پر، حکمران اقتدار کی سیاست میں مگن ہیں۔ صرف گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران پختونخوا میں چار مختلف دہشت گرد حملے ہوئے، عام عوام سمیت درجن سے زائد پولیس اہلکار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

چینی کمپنیوں کی چاول خریدنے میں دلچسپی، ابتدائی معاہدوں پر دستخط

ملاقات نے مستقبل میں تعاون کے لیے کمپنیوں کے درمیان براہِ راست رابطے کا مؤثر ذریعہ بھی فراہم کیا

15 پاکستانی برآمد کنندگان اور چینی زرعی کمپنیوں کے درمیان تجارتی تعاون کے نئے مواقع پر اتفاق

گوانگدو (این این آئی) چین کے صوبہ گوانگ ڈونگ کے شہر گوانگدو میں منعقد ہونے والے چین۔ پاکستان گرین سیکٹر کے بی ٹو بی (B2B) کاروباری رابطہ اجلاس میں پاکستان کے 15 ممتاز چاول برآمد کنندگان اور چینی زرعی کمپنیوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شریک اداروں نے خریداری کے ابتدائی معاہدوں (Letters of Intent) پر دستخط کیے جبکہ مستقبل میں تجارتی تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

دہشتگردوں نے بے گناہ مزدوروں کو شہید کر کے بدترین سفاکیت کا مظاہرہ کیا، وزیر داخلہ

ہماری تمام تر ہمدردیاں شہداء کے لواحقین کے ساتھ ہیں اور دکھ کی گھڑی میں شہدا کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔

فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اب معصوم نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، محسن نقوی کا غمزدہ خاندانوں سے اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے علاقے کیچ میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی جانب سے 6 مزدوروں کو شہید کرنے کے واقعہ کی پرزور مذمت کرتے ہوئے غمزدہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے بے گناہ مزدوروں کو شہید کر کے بدترین سفاکیت کا مظاہرہ کیا۔ دہشتگردوں نے مزدوروں کو نشانہ بنا کر نا صرف معصوم جانیں چھین لیں بلکہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کے روزگار پر بھی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

ٹھٹھہ میں پولیس اہلکار کی شہادت، وزیر داخلہ سندھ نے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے ضلع ٹھٹھہ میں پولیس اہلکار عبدالسمین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایس پی ٹھٹھہ سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)



سعودی عرب میں جدہ کرکٹ کلب کے زیر اہتمام کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین پاکستان انویسٹرز فورم چوہدری شفقت محمود، ونگ ارانی جدہ گرین کے کپتان حافظ اظفر کو ٹرافی دے رہے ہیں اس موقع پر انجینئر عبداللہ جاوید خان، جہانگیر خان، انجینئر عبدالمتین ندیم، ایس موجود ہیں

دیگر صوبوں کے طلباء پنجاب کی جس یونیورسٹی میں پڑھنا چاہیں، حکومت تعاون کرے گی

دوسرے صوبوں کے طلباء کیلئے جلد سمسٹر ایکسچینج پروگرام کا آغاز، بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت میں دانش سکول کھل رہے ہیں

بلوچستان سے جذباتی لگاؤ، فخر ہوگا کہ بلوچ طلباء پنجاب کے تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کریں، رانا سکندر حیات کی بلوچ طلباء کے وفد سے گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور وزیر مواصلات وتعمیرات صہیب برتھ سے بلوچستان کی مختلف یونیورسٹیوں کے طلباء پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں بلوچستان کے علاوہ پختون خواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے طلباء بھی شامل تھے۔ بلوچستان اور دیگر صوبوں کے طلباء پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے گرویدہ نکلے۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات نے صوبائی وزراء سے مطالبہ کیا ہمیں 6 ماہ کیلئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

ملکی صورتحال قومی اتحاد، سیاسی برداشت، ذمہ دارانہ طرزِ عمل کی متقاضی ہے، جاوید قصوری

آزاد کشمیر کے انتخابات کے دوران دونوں جماعتیں نورا کشتی میں مصروف ہیں

عوام دیانت، امانت اور خدمت کی سیاست کرنیوالے نمائندوں کا انتخاب کریں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے انتخابات میں برسرِ اقتدار اور ماضی میں حکومت کرنے والی جماعتوں کی نام نہاد سیاسی کشمکش درحقیقت عوام کو گمراہ کرنے کی ایک کوشش ہے، دونوں جماعتیں برسوں سے اقتدار میں آتی جاتی رہی ہیں مگر عوام کو مسائل، مہنگائی، بے روزگاری، بدعنوانی اور ناانصافی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوا، یہ حقیقت کسی سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

کراچی ایئرپورٹ پر 54 کروڑ سے زائد مالیت کے الیکٹرانکس سامان کی غیر قانونی کلیئرنس کیس، کارگو ایجنٹ اسد کی ضمانت منظور

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے کراچی ایئرپورٹ پر کروڑوں روپے مالیت کے الیکٹرانکس سامان کو کسٹمز ڈیوٹی اور ٹیکس کی ادائیگی کے بغیر کلیئر کرنے سے متعلق مقدمے میں نامزد کارگو ایجنٹ اسد کی ضمانت منظور کر لی۔

ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

میری دلی ہمدردیاں شہدا کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں جبکہ زخمی اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا گو ہوں

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک پوری قوم اپنی بہادر پولیس، افواج پاکستان اور تمام سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو ایکس پر اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر ہونے والا دہشت گرد حملہ انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک ہے، خیبر پختونخوا پولیس اور سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے جس جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

ملکی صورتحال قومی اتحاد، سیاسی برداشت، ذمہ دارانہ طرزِ عمل کی متقاضی ہے، جاوید قصوری

آزاد کشمیر کے انتخابات کے دوران دونوں جماعتیں نورا کشتی میں مصروف ہیں

عوام دیانت، امانت اور خدمت کی سیاست کرنیوالے نمائندوں کا انتخاب کریں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے انتخابات میں برسرِ اقتدار اور ماضی میں حکومت کرنے والی جماعتوں کی نام نہاد سیاسی کشمکش درحقیقت عوام کو گمراہ کرنے کی ایک کوشش ہے، دونوں جماعتیں برسوں سے اقتدار میں آتی جاتی رہی ہیں مگر عوام کو مسائل، مہنگائی، بے روزگاری، بدعنوانی اور ناانصافی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوا، یہ حقیقت کسی سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

میری دلی ہمدردیاں شہدا کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں جبکہ زخمی اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا گو ہوں

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک پوری قوم اپنی بہادر پولیس، افواج پاکستان اور تمام سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو ایکس پر اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر ہونے والا دہشت گرد حملہ انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک ہے، خیبر پختونخوا پولیس اور سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے جس جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

امریکی فوج کے ایران پر حملے، جنوبی علاقوں میں کئی مقامات پر دھماکے

امریکا نے ابادان پر بھی حملہ کیا اور بندر عباس میں بھی دھماکے سنے گئے، حملے کویت سے کیئے گئے

امریکا نے ایران کی بحری ناکہ بندی مزید سخت کر دی، 20 سے زائد تجارتی جہاز واپس موڑنے کا دعویٰ

تہران / واشنگٹن/ (این این آئی) امریکی فوج نے ایران پر حملہ کیا ہے، سینٹرل کمانڈ نے حملے کی تصدیق کر دی۔ سینٹرل کمانڈ کے مطابق یہ کارروائی ایران کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں ایرانی حملوں کی کوشش کے جواب میں کی گئی ہے۔ ایران کے جنوبی علاقوں میں کئی مقامات پر دھماکے سنے گئے۔ روسی میڈیا کے مطابق تازہ حملے کویت سے کیے گئے۔ ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ قشم جزیرے اور بوشہر میں دھماکے سنے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کے عوام نے جھوٹ کی سیاست کرنے والوں کو مسترد کیا اور کارکردگی، استحکام اور مثبت سیاست کو ترجیح دی، بیگم شاہدہ قدیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سنیئر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت اپنے ہر وعدے کی تکمیل کرنا اولین ترجیح سمجھتی ہے، قائد نواز شریف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

ذیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

ویسٹ کو لیکشن فیس کے اہداف، ستھرا پنجاب کی استعداد کار بڑھانے پر غور، ستھرا پنجاب اتھارٹی کے ریگولیشنز کی منظوری

مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں ویسٹ ٹو ویلیو فیز کے منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھانے کا بھی فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ڈیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے دوران ستھرا پنجاب ایجنسیز کے مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید، بورڈ کے دیگر ارکان اور تمام ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب عمر جاوید نے بورڈ کے ارکان کو حاصل کئے گئے اور آئندہ اہداف پر بریفنگ دی۔ ویسٹ کو لیکشن فیس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

فیصل آباد: میاں ٹرسٹ مارکیٹ میں لائل پور آئل اینڈ فلٹر ہاؤس کا افتتاح سابق صدر بار میاں جاوید اقبال چاچو، مسلم لیگ ن کے رہنما میاں عرفان منان، ملک محمد یوسف، میاں نعیم حسن گلزار، فیصل بیگ، ملک گلزار، محمد امجد کر رہے ہیں

انسداد ڈینگی اقدامات مزید تیز

ڈپٹی کمشنر فیصل آباد نعمان صدیق کے زیر صدارت اجلاس، ڈینگی کی موجودہ صورتحال سرویلنس اور انسدادی اقدامات کا تفصیلی جائزہ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مون سون کے موجودہ سیزن کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈینگی کے خلاف سرگرمیاں مزید تیز کر دی گئی ہیں اس سلسلے میں ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر فیصل آباد نعمان صدیق کے زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ڈینگی کی موجودہ صورتحال سرویلنس اور انسدادی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مون سون بارشوں کے دوران ڈینگی لاروا کی افزائش کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اس لئے تمام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)



لاہور: شہر میں موسلا دھار بارش کے بعد سول کورٹ کے باہر سڑک پر پانی جمع ہے

شہریوں کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے

ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری کا ون ونڈو کاؤنٹر کا تفصیلی معائنہ کیا

ون ونڈو کاؤنٹر کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ای فائلنگ، پیپر لیس ورکنگ، آفس آٹومیشن اور جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جائے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری نے ایف ڈی اے کے ون ونڈو کاؤنٹر کا تفصیلی معائنہ کیا اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، درخواستوں کی پراسیسنگ اور سروس ڈیلیوری کے نظام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر مہر ایوب اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے ون ونڈو کاؤنٹر پر موجود درخواست گزاروں سے ملاقات کی اور ان سے براہ راست خدمات کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

فیلڈ مارشل اور وزیر اعظم نے موجودہ عالمی صورت حال میں جاندار سفارتکاری سے پوری دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا، محمد شاہد یزدان خان

حسن ابدال (این این آئی) سابق رکن صوبائی اسمبلی پنجاب اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما محمد شاہد یزدان خان نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

راولپنڈی، موبائل فونز چرانے والا شخص گرفتار، رقم 2 لاکھ 76 ہزار روپے برآمد

زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کینٹ پولیس نے موبائل شاپ سے موبائل فونز چرانے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص سے گرفتار کے رقم 2 لاکھ 76 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موبائل شاپ سے موبائل فونز چرانے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص سے موبائل فونز کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 2 لاکھ 76 ہزار روپے برآمد ہوئی۔

نمول عرف پنکی قتل کیس میں قتل کی دفعہ ختم، پولیس نے قتل بالسبب کا چالان جمع کرا دیا

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں بغدادی تھانے میں درج انمول عرف پنکی قتل کیس کا حتمی چالان پیش کر دیا گیا، جس میں پولیس نے قتل کی دفعہ ختم کرتے ہوئے مقدمہ قتل بالسبب میں تبدیل کر دیا۔

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور

پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور دیتے ہوئے مغربی ایشیا کی صورتحال پر اظہارِ تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال پھر دگرگوں ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے، پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے، سعودی عرب کو اپنے دفاع کا مکمل حق ہے، عراقی حکومت کے موقف سے آگاہ نہیں ہیں، افغانستان میں موجود دہشت یونیفارم نہیں پہنتے، پاکستانی حملوں میں سویلین ہلاکتوں کے الزامات مسترد کرتے ہیں، پاکستان دہشتگردوں، ان ٹھکانوں اور ماسٹر مائنڈز کو نشانہ بناتا ہے اور بناتا رہے گا، ثالثی اور دفاعی معاہدہ متضاد نہیں، دفاعی معاہدے بطور ثالث ہمارے کردار سے متصادم نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں کہا کہ فریقین کو اسلام آباد ایم او یو کی جانب دوبارہ لانے کی کوشش کر رہے ہیں، خطے بالخصوص آبنائے ہرمز کی صورتحال معمول پر لانے کے لئے فریقین کے درمیان رابطے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سلمان سے بات چیت ہوئی، وزیر اعظم اور سعودی ولی عہد کے رابطے کے بعد نائب وزیر اعظم اور سعودی وزیر خارجہ کے درمیان بھی بات چیت ہوئی۔ ترجمان کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور اردنی ہم منصب کی درمیان فلسطین کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر بات چیت ہوئی، خطے اور دوطرفہ تعلقات کے تناظر میں کویتی وزیر خارجہ کا دورہ اسلام آباد اہم تھا۔ نائب وزیر اعظم نے کویت کی جانب سے دفاعی تعلقات کو ادارہ جاتی سطح پر منظم کرنے کے لئے دفاعی معاہدے کی توثیق کو سراہا، پاکستان اور کویت نے کئی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، پاکستان سمیت 8 عرب اسلامی ممالک نے فلسطین کی تشویشناک صورتحال پر مشترکہ بیان جاری کیا۔ نائب وزیر اعظم کی مصری وزیر خارجہ کے ساتھ بھی مسئلہ فلسطین پر گفتگو ہوئی، پاک مصر وزرائے خارجہ نے فلسطین کی صورتحال پر اظہارِ تشویش کرتے ہوئے انسانی امداد کی بحالی کا مطالبہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور مصر کے درمیان دوطرفہ مشاورت کا دور ور چوتھی منعقد کیا گیا، 24 جولائی کو وزارت خارجہ نے کامسٹیک کے تعاون سے جریدے کا اجرا کیا، 2026 کے جریدے میں سیکریٹری خارجہ سمیت وزارت خارجہ کے عہدیداروں کے آرٹیکلز شامل ہیں۔ پاکستان نے جرمن نشریاتی ادارے کی دستاویزی فلم مسترد کر دی، دستاویزی فلم میں جان بوجھ کر پاکستانی نیوکلیئر پروگرام کے بارے غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کی گئی، ڈی ڈبلیو کو بنیادی صحافتی اقدار پر عمل کرنا چاہیے۔

کامیاب شادی کے رہنما اصول

ذرا سوچیں: جب دو روحیں، دو مزاج، دو پسمنظر ایک ہی چھت تلے ملتی ہیں کیا صرف محبت کافی ہے؟ یا پھر وہ آل فٹ ہونے کا احساس، وہ احساسِ تحفظ، وہ ارتقائی رفاقت درکار ہوتی ہے؟

شادی محض دو افراد کے درمیان ایک قانونی بندھن نہیں، بلکہ دو دلوں، دو خاندانوں اور دو دنیاؤں کے ملاپ کا نام ہے۔ ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کی ازدواجی زندگی محبت، سکون اور اعتماد سے بھرپور ہو۔ مگر وقت کے ساتھ ساتھ یہ رشتہ اس وقت مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے جب اسے سمجھ بوجھ، برداشت اور ایثار کے اصولوں پر استوار نہ کیا جائے۔ کامیاب شادی کسی جادو یا تقدیر کا نتیجہ نہیں، بلکہ شعور، صبر اور تعلق نبھانے کی سنجیدہ کوششوں سے بنتی ہے۔

کامیاب ازدواجی زندگی کے لیے چند ایسے رہنما اصول ہیں جن پر عمل کر کے ہر جوڑا اپنی زندگی کو بہتر، مضبوط اور پرسکون کر سکتے ہیں۔

اعتماد)اعتماد (اور سچائی)سچائی (ایک کامیاب شادی کے دو بنیادی اصول ہیں۔ ان کے بغیر کوئی بھی رشتہ مضبوط یا پائیدار نہیں رہ سکتا۔ آئیے ان دونوں اصولوں کو تفصیل سے سمجھتے ہیں اور ان کے ساتھ چند حقیقی مثالیں بھی دیکھتے ہیں۔

اعتماد کا مطلب ہے ایک دوسرے پر یقین رکھنا کہ میرا شریکِ حیات میرے ساتھ مخلص ہے، میرے راز محفوظ ہیں، اور وہ میرے پیچھے میرے خلاف کوئی بات یا عمل نہیں کرے گا۔ جب اعتماد قائم ہو جائے تو رشتہ سکون، محبت اور عزت سے بھر جاتا ہے۔ جب بیوی اپنے شوہر پر اعتماد کرتی ہے، تو غیر ضروری شک و شبہات ختم ہو جاتے ہیں۔ جب شوہر اپنی بیوی پر یقین رکھتا ہے، تو وہ اس کی رائے، فیصلے اور جذبات کی قدر کرتا ہے۔ اعتماد رشتے میں خوف کے بجائے سکون پیدا کرتا ہے۔

مثال کے طور پر حضرت خدیجہ نے نبی اکرم ﷺ پر اس وقت بھی مکمل اعتماد رکھا جب آپ ﷺ نے پہلی وحی کا ذکر کیا۔ انہوں نے بغیر کسی شک کے آپ ﷺ کی سچائی اور نبوت پر یقین کیا۔ یہی اعتماد ان کے رشتے کو مثالی بناتا ہے۔

سچائی ہر رشتے کی بنیاد ہے۔ اگر شادی میں جھوٹ، دکھاوا یا دوغلا پن آ جائے تو محبت آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے۔ سچ بولنے والا شریکِ حیات نہ صرف اپنے رشتے کو محفوظ رکھتا ہے بلکہ اللہ کے نزدیک بھی محبوب ہوتا ہے۔ سچ بولنے سے دلوں میں صفائی پیدا ہوتی ہے۔ غلط فہمیاں ختم ہوتی ہیں۔ جھوٹ چھپانے کی عادت انسان کو ذہنی دباؤ میں ڈالتی ہے، جب کہ سچ بولنے والا پرسکون رہتا ہے۔

مثال کے طور پر حضرت علی اور حضرت فاطمہ کا تعلق سچائی اور خلوص پر مبنی تھا۔ انہوں نے اپنی زندگی میں کبھی ایک دوسرے سے جھوٹ نہیں بولا، نہ کسی بات کو چھپایا۔ یہی ان کے رشتے کی طاقت تھی۔

اعتماد اور سچائی ساتھ ہوں تو دلوں میں امن ہوتا ہے۔ غلط فہمیاں جگہ نہیں پاتیں۔ ایک



دوسرے کے فیصلوں کا احترام بڑھتا ہے۔ اولاد کے سامنے بھی ایک مثبت مثال قائم ہوتی ہے۔

نتیجتاً کامیاب شادی کی بنیاد نہ خوبصورتی پر ہے، نہ دولت پر بلکہ اعتماد اور سچائی پر ہے۔ جو جوڑا ایک دوسرے پر اعتماد کرتا ہے اور سچائی سے زندگی گزارتا ہے، ان کا رشتہ وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوتا جاتا ہے۔ پہلا اصول اعتماد اور سچائی ہے۔ اعتماد کسی بھی رشتے کی بنیاد ہوتا ہے۔ اگر میاں بیوی کے درمیان اعتماد نہ رہے تو محبت بھی دم توڑ دیتی ہے۔ معمولی جھوٹ، چھپایا شک، اس مضبوط بندھن میں دراڑ ڈال دیتے ہیں۔ سچ بولنا اور دل کی بات صاف انداز میں کہنا رشتے کو مضبوط بناتا ہے۔

احترام ایک کامیاب شادی کا دوسرا بنیادی اصول ہے۔ جب میاں بیوی ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں تو رشتے میں اعتماد، محبت اور سکون خود بخود پیدا ہو جاتا ہے۔ احترام صرف الفاظ تک محدود نہیں ہوتا بلکہ رویے، لہجے اور عمل میں بھی جھلکتا ہے۔

مثلاً، اگر شوہر اپنی بیوی کی رائے کو اہمیت دیتا ہے، اس کے جذبات کا خیال رکھتا ہے، تو یہ اس کے احترام کی علامت ہے۔ اسی طرح اگر بیوی شوہر کی محنت، قربانی اور فیصلوں کو تسلیم کرتی ہے تو یہ اس کے احترام کا اظہار ہے۔

احترام کا مطلب یہ بھی ہے کہ ایک دوسرے کے خاندان، دوستوں، اور ذاتی وقت کا لحاظ رکھا جائے۔ بحث یا اختلاف کی صورت میں بھی تہذیب اور نرمی سے بات کی جائے۔ جب کوئی فریق دوسرے کو کمتر سمجھے یا اس کی تذلیل کرے، تو محبت اور اعتماد دونوں کمزور ہو جاتے ہیں۔

قرآن و سنت میں بھی ازدواجی زندگی میں احترام کی تاکید کی گئی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "تم میں بہترین وہ ہے جو اپنے اہلِ خانہ کے لیے بہترین ہو۔)" ترمذی (

عزت صرف مرد کا حق نہیں بلکہ عورت بھی اتنی ہی قابلِ احترام ہے۔ اگر میاں بیوی ایک دوسرے کے مقام، احساسات اور جذبات کی قدر کریں تو اختلاف بھی محبت میں ڈھل جاتا ہے۔

تیسرا اصول برداشت اور درگزر ہے۔ کوئی بھی انسان کامل نہیں۔ غلطیاں سب سے ہوتی ہیں، مگر رشتے وہی قائم رہتے ہیں جہاں معافی دینے کا حوصلہ موجود ہو۔ "میں درست ہوں " کے رویے سے رشتہ نہیں چلتا، بلکہ "ہم درست ہوں " کا رویہ کامیابی کی کنجی ہے۔ برداشت اور درگزر ایک کامیاب ازدواجی زندگی کا سنہری اصول ہیں۔ ازدواجی زندگی دراصل دو مختلف مزاج، عادات اور سوچ رکھنے والے افراد کا ساتھ ہوتا ہے۔ ایسے میں اگر برداشت اور درگزر نہ ہو، تو معمولی باتیں بھی بڑے جھگڑوں کا سبب بن سکتی ہیں۔

برداشت سے مراد یہ ہے کہ آپ اپنے شریکِ حیات کی خامیوں، کمزوریوں یا کسی وقت کی ناپسندیدہ بات کو صبر و تحمل سے لیں، فوراً ردِعمل نہ دیں، اور سمجھنے کی کوشش کریں کہ انسان کامل نہیں ہوتا۔

درگزر یعنی معاف کر دینا کسی غلطی، تلخ بات یا تکلیف دینے والے عمل کو دل سے نکال دینا اور دوبارہ اس کا ذکر نہ کرنا۔ درگزر دلوں کو جوڑتا ہے اور رشتوں میں نرمی پیدا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر فرض کریں شوہر کام کے دباؤ میں ہے اور گھر آ کر غصے میں بیوی سے سخت لہجے میں بات کر بیٹھتا ہے۔ اگر بیوی فوراً جواب میں تلخ بات کرے تو معاملہ بگڑ سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ برداشت سے کام لے، خاموشی سے تھوڑا وقت دے اور بعد میں نرمی سے بات کرے تو نہ صرف معاملہ سلجھ جائے گا بلکہ شوہر کو اپنی غلطی کا احساس بھی ہوگا۔ یہی برداشت اور درگزر ہے، جو محبت اور اعتماد کو بڑھاتا ہے۔

اگر اسلامی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو قرآنِ کریم میں ارشاد ہے:

اور جو صبر کرے اور درگزر کرے، بے شک یہ بڑے ہمت کے کاموں میں سے ہے۔) سورۃ الشوریٰ: (43


رسول اکرم ﷺ نے بھی فرمایا:

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہو۔) ترمذی شریف (

یعنی گھر کے رشتوں میں نرمی، صبر اور درگزر سے ہی اصل کامیابی ہے۔ اس لیے کامیاب شادی وہ نہیں جس میں کبھی اختلاف نہ ہو، بلکہ کامیاب شادی وہ ہے جس میں اختلاف کے باوجود تعلق برقرار رہے اور یہ صرف برداشت اور درگزر سے ممکن ہے۔

چوتھا اصول بات چیت اور سمجھ بوجھ ہے۔ خاموشی اور غلط فہمی کسی بھی رشتے کا سب سے بڑا دشمن ہے۔ جوڑے جب ایک دوسرے سے کھل کر بات کرتے ہیں، تو دل صاف ہوتے ہیں اور مسائل چھوٹے لگنے لگتے ہیں۔ گفتگو محبت کا دروازہ کھولتی ہے۔ شادی محض ایک رشتہ نہیں بلکہ ایک عہد ہے ایک ایسا وعدہ جس میں دو مختلف لوگ اپنی زندگی کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ مگر اس بندھن کو مضبوط بنانے کے لیے صرف محبت کافی نہیں، بلکہ بات چیت اور سمجھ بوجھ وہ دو ستون ہیں جن پر خوشگوار ازدواجی زندگی کی عمارت قائم ہوتی ہے۔

ایک عہد کا اختتام مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری رحمہ اللہ کا وصال، مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے لیے عظیم سانحہ



نالِلّٰہِ وِنّا الیہِ راجعون

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری رحمہ اللہ کا وصال ملتِ اسلامیہ اور بالخصوص عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے لیے ایک عظیم سانحہ اور ناقابلِ تلافی خسارہ ہے۔ آپ نے اپنی پوری زندگی عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ، ناموسِ رسالت ﷺ کے دفاع، دینی دعوت و تبلیغ، اصلاحِ امت اور تنظیمی استحکام کے لیے وقف کیے رکھی۔ آپ کی رحلت سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں محسوس کیا جاتا رہے گا۔

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری رحمہ اللہ علم و عمل، تقوی، اخلاص، امانت، حلم، فراست، حسنِ اخلاق اور اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں کا حسین امتزاج تھے۔ آپ صرف ایک منتظم نہیں بلکہ کارکنانِ ختمِ نبوت کے لیے محبت، اعتماد اور شفقت کا ایسا مرکز تھے جہاں ہر آنے والا اپنائیت اور حوصلہ پاتا تھا۔ دور دراز علاقوں سے آنے والے علما، مبلغین اور کارکنان کا آپ جس خلوص، محبت اور عزت کے ساتھ استقبال کرتے، وہ آپ کی شخصیت کا نمایاں وصف تھا۔

آپ کی ایک نمایاں خصوصیت مالی دیانت اور امانت داری تھی۔ تحفظِ ختمِ نبوت کی مد میں



آنے والے عطیات اور عوامی امانتوں کی حفاظت کو آپ دینی ذمہ داری سمجھتے تھے۔ شفافیت، دیانت اور ذمہ داری کے ساتھ آپ نے بیت المال اور تنظیمی وسائل کی حفاظت کا ایسا عملی نمونہ پیش کیا جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

تنظیمی معاملات میں آپ کا اسلوب حکیمانہ، مشفقانہ اور تربیت پر مبنی تھا۔ آپ کارکنان کی عزتِ نفس کا خاص خیال رکھتے، ان کی حوصلہ افزائی کرتے اور اصلاح بھی ایسے انداز میں فرماتے کہ محبت برقرار رہتی اور کسی کی دل آزاری نہ ہوتی۔ یہی وجہ تھی کہ چھوٹے کارکن سے لے کر اکابر علما تک ہر شخص آپ کے حسنِ اخلاق، انکساری اور بلند کردار کا معترف تھا۔

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری رحمہ اللہ کی زندگی اخلاص، استقامت اور خدمتِ دین سے عبارت تھی۔ انہوں نے عقیدہ ختمِ نبوت کی خدمت میں جو علمی، دعوتی اور تنظیمی سرمایہ چھوڑا ہے، وہ ہمیشہ تحریکِ تحفظِ ختمِ نبوت کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔ ایسے رجال حق کم پیدا ہوتے ہیں جو اپنی ذات سے بڑھ کر ایک تحریک اور ایک ادارے کی علامت بن جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری رحمہ اللہ کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی دینی خدمات کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور درجاتِ علیین نصیب فرمائے، اور ان کے اہلِ خانہ، تلامذہ، متعلقین اور عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے تمام وابستگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

اللھم اغفرلہ وارحمہ، وعافہ واعف عنہ، وکرم نزلہ، ووسع مدخلہ، واجعل قبرہ روض من ریاض الجن، وارفع درجاتہ فی علیین۔

آمین یارب العالمین۔

ملک عبداللہ جسرا علم، کردار اور خدمت کا روشن استعارہ



تحریر: راجہ نورالٰہی عاطف

معاشروں کی اصل طاقت بلند و بالا عمارتیں یا جدید سہولیات نہیں بلکہ وہ باکردار اور مخلص افراد ہوتے ہیں جو آنے والی نسلوں کی تعلیم، تربیت اور کردار سازی کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لیتے ہیں۔ ضلع خوشاب کی سرزمین بھی ایسی ہی باوقار شخصیات سے مالا مال ہے جنہوں نے خاموشی سے علم کی شمع روشن رکھی اور معاشرے کی فکری و اخلاقی تعمیر میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انہی قابلِ احترام شخصیات میں ملک عبداللہ جسرا کا نام نہایت عزت اور احترام سے لیا جاتا ہے۔

ملک عبداللہ جسرا ان خوش نصیب افراد میں شامل ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی انتظامی صلاحیتوں، اعلیٰ اخلاق، اخلاص اور خدمتِ خلق کے جذبے سے نوازا ہے۔ انہوں نے طویل عرصے سے شعبۂ تعلیم میں اپنی بے مثال خدمات کے ذریعے ہزاروں طلبہ و طالبات کی علمی، اخلاقی اور دینی تربیت میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کی زندگی اس حقیقت کی روشن مثال ہے کہ ایک اچھا معلم صرف کتابی علم نہیں دیتا بلکہ کردار، اخلاق اور انسانیت کے اعلیٰ اصول بھی اپنے شاگردوں میں منتقل کرتا ہے۔

بطور منتظم انہوں نے مختلف تعلیمی اداروں میں اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ الہدیٰ پبلک سکول پیلوونیس، پنجاب گروپ آف کالجز قائد آباد، پنجاب گروپ آف کالجز کلورکوٹ، لیڈز کالج جنڈانوالہ، لیڈر پبلک سکول پیلوونیس اور نور پور تھل سمیت متعدد اداروں میں ان کی خدمات ہمیشہ سنہری الفاظ میں یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے ہر ادارے میں نظم و ضبط، معیاری تعلیم اور بہترین تربیتی ماحول کو فروغ دیا، جس کے نتیجے میں بے شمار طلبہ زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

کسی بھی استاد کی اصل کامیابی اس کے شاگرد ہوتے ہیں، اور ملک عبداللہ جسرا



اس لحاظ سے بے حد خوش قسمت ہیں کہ ان کے تربیت یافتہ طلبہ آج ملک کے مختلف سرکاری، نجی، تعلیمی، کاروباری اور سماجی شعبوں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یہ ان کی محنت، خلوص اور بہترین تربیت کا عملی ثبوت ہے۔

ملک عبداللہ جسرا صرف ایک کامیاب ماہرِ تعلیم ہی نہیں بلکہ ایک نہایت شائستہ، خوش اخلاق، ملنسار، بردبار، ہنس مکھ، معاملہ فہم اور باوقار انسان بھی ہیں۔ ان سے ملنے والا ہر شخص ان کی سادگی، محبت، شفقت اور خلوص سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ یہی خوبیاں انہیں معاشرے میں ممتاز مقام عطا کرتی ہیں۔

سماجی اور دینی میدان میں بھی ان کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ ان کا شمار جماعتِ اسلامی ضلع خوشاب کے ممتاز رہنماں میں ہوتا ہے، جہاں وہ اسلامی اقدار، اخلاقی تربیت اور عوامی فلاح کے مشن کو آگے بڑھانے میں سرگرم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وہ ہمیشہ رفاہی سرگرمیوں، فلاحی منصوبوں اور ضرورت مند افراد کی مدد میں پیش پیش رہے ہیں۔ ان کی شخصیت اس حقیقت کی آئینہ دار ہے کہ حقیقی قیادت وہی ہوتی ہے جو خدمت کو اپنا شعار بنائے۔

تعلیم کے ساتھ ساتھ ادبی، سماجی، صحافتی اور مذہبی حلقوں میں بھی ملک عبداللہ جسرا کو بے حد عزت و احترام حاصل ہے۔ ان کی سنجیدہ سوچ، متوازن طرزِ گفتگو اور مثبت کردار نے انہیں ہر طبقِ فکر میں مقبول بنایا ہے۔ وہ اختلاف کے بجائے اتفاق، نفرت کے بجائے محبت اور تقسیم کے بجائے اتحاد کا درس دیتے ہیں،

فیصل آباد گرین لائنز کلب کی پہلی جنرل باڈی میٹنگ کا انعقاد، نئے سال کے اہداف اور منصوبوں کی منظوری

فیصل آباد گرین لائنز کلب رواں سال انسانیت کی خدمت، مثالی ٹیم ورک اور مؤثر کمیونٹی سروس کے ذریعے اپنی روایات کو مزید مضبوط بنائے





فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد گرین لائنز کلب کی لائنس سال 20262027 کی پہلی جنرل باڈی میٹنگ 29 جولائی 2026 کو چنیوٹ پیلس، جڑانوالہ روڈ، فیصل آباد میں منعقد ہوئی، جس میں کلب کے 35 اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت کلب پریزیڈنٹ لائن کاشف حمید نے کی، جبکہ کلب سیکرٹری لائن ملک محمد فیاض نے اجلاس کی کارروائی پیش کی۔ کلب ٹریژرر لائن فہد نے مالی امور پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں نئے لائنس سال کی حکمتِ عملی، تنظیمی امور، مالی معاملات اور فلاحی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے چیف گیسٹ MJF زاہد محمود بٹ (GMA Coordinator) تھے، جبکہ مہمانانِ خصوصی لائن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

ڈاکٹر صادق فاؤنڈیشن راولپنڈی: خدمتِ انسانیت کا روشن سفر



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں ایسے فلاحی ادارے معاشرے کی حقیقی طاقت ہوتے ہیں جو خاموشی سے انسانیت کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ ڈاکٹر صادق فاؤنڈیشن راولپنڈی بھی انہی اداروں میں شامل ہے، جو صحت، تعلیم اور سماجی بہبود کے شعبوں میں مستحق افراد کی مدد کے لیے اپنی خدمات انجام دے رہی ہے۔ فاؤنڈیشن کا بنیادی مقصد معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کو بہتر معیارِ زندگی فراہم کرنا ہے۔ اسی مقصد کے تحت ادارہ طبی سہولیات، تعلیمی معاونت، یتیم بچوں کی کفالت، بیواؤں اور خصوصی افراد کی امداد سمیت مختلف فلاحی منصوبے چلا رہا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں ایک بار پھر گراوٹ کا شکار

متبادل شپنگ روٹس استعمال کرنے کی وجہ تیل کی قیمتوں میں کمی آئی، تجزیہ کار

نیویارک (این این آئی) مشرق وسطی میں جاری کشیدگی اور امریکا۔ ایران تنازع کے باوجود عالمی منڈی میں ایک بار پھر خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ تجزیہ کاروں کے مطابق باب المندب کے راستے آئل ٹینکرز کی مسلسل آمدورفت نے سپلائی میں تعطل کے خدشات کو کسی حد تک کم کر دیا جس سے قیمتوں پر دبا آیا۔ اعداد و شمار کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 1.42 فیصد کمی کے بعد 89.45 ڈالر فی بیرل جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 0.66 فیصد کمی کے ساتھ 83.90 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ ایران تنازع کے باوجود عالمی منڈی میں ایک بار پھر خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ تجزیہ کاروں کے مطابق باب المندب کے راستے آئل ٹینکرز کی مسلسل آمدورفت نے سپلائی میں تعطل کے خدشات کو کسی حد تک کم کر دیا جس سے قیمتوں پر دبا آیا۔ اعداد و شمار کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 1.42 فیصد کمی کے بعد 89.45 ڈالر فی بیرل جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 0.66 فیصد کمی کے ساتھ 83.90 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔

عدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع روڑہ نوالی تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہو کہ متوفی حال ظفر اقبال ولد محمد خان کے وارثان میں الفت بی بی طلاق یافتہ، شہناز بی بی بیوہ زندہ شاہینہ بی بی بیوہ زندہ، احمد حسن، علی حسن پسران زندہ ارشاد سلطان شاہینہ بی بی ہیں کوئی دیگر وارث ہوتو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وارثت ماچھی سلطان تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہو کہ متوفی حال نور محمد ولد سارنگ خان کے وارثان میں صاحب بی بی، والدہ زندہ سارنگ خان والد پہلے فوتشد، صاحب بی بی بیوہ زندہ، صدی احمد، پروین، ثمرین بی بی، مقدس بی بی، اریبہ پسر و دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہوتو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا بعد کوئی عذر قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب عاطف محمود گوندل تحصیلدار صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وارثت جھنگ چک جنوبی تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہو کہ متوفی حال کوثر پروین دختر حاجی شیر بہادر کے وارثان میں حاجی شیر بہادر، کنیز فاطمہ والدین پہلے فوتشد، نذیر احمد خاوند پہلے فوتشد، فیصل نذیر، ہمیرا سعدیہ، پسر ودختر زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہوتو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا بعد کوئی عذر قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی نان ونفقہ وغیرہ

عنوان: حمیرا بی بی وغیرہ بنام محمد رمضان

اشتہار اخبار بنام: محمد رمضان ولد ملنگی سکنہ مکان 208/14، بلاک B-1، ٹاؤن شپ، لاہور۔

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 09.09.2026 وقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی نان ونفقہ وغیرہ

عنوان: مسماۃ زینب شوکت وغیرہ بنام مجاہد سعید

اشتہار اخبار بنام: مجاہد سعید ولد محمد سعید سکنہ محلہ شادیوال، Ail آئیل چوک، 80 فٹ روڈ، لکڑ والا ٹل، سبزہ زار، لاہور۔

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 05.09.2026 وقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یاسر حفیظ صاحب جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی تنسیخ نکاح

عنوان: مسماۃ مریم مظہر بنام مظہر اقبال

اشتہار اخبار بنام: مظہر اقبال ولد بشیر احمد سکنہ مکان نمبر 35-26 گلی نمبر 4، مجید بلاک، رحمان ٹاؤن، اوکاڑہ۔ موبائل نمبر 0306-3970306

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 11.09.2026 وقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

آزاد جموں وکشمیر کے حالیہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ)ن (نے میدان مار لیا

آزاد کشمیر کے عوام کا اعتماد صرف اور صرف مسلم لیگ)ن (کی قیادت، ترقی، اور خوشحالی کے وژن پر ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) آزاد جموں وکشمیر کے حالیہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ)ن (نے میدان مار لیا ! مظفر آباد اور میر پور کے تاریخی و یادگار عوامی اجتماعات نے نہ صرف تاریخ رقم کی بلکہ ن لیگ کی شاندار اور بھاری اکثریت سے کامیابی پر مہر تصدیق بھی ثبت کر دی۔ مرکزی قیادت کا شاندار استقبال اور عوامی جوش و خروش پاکستان مسلم لیگ)ن (کے قائد میاں محمد نواز شریف، وزیر اعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی روابط و وفاقی وزیر سینیٹر رانا ثنا اللہ خان) نشانِ امتیاز (اور رانا حسن شہریار خان کی متحرک اور فعال قیادت میں مظفر آباد اور میر پور کے اجتماعات میں عوام کا سمندر امڈ آیا۔ جلسہ گاہوں میں موجود بے مثال جوش و خروش اور سمندر کی مانند عوام کے باہم جڑے جذبے نے ثابت کر دیا کہ آزاد کشمیر کے عوام کا اعتماد صرف اور صرف مسلم لیگ)ن (کی قیادت، ترقی، اور خوشحالی کے وژن پر ہے۔ کامیابی کے اہم نقطے: عوامی اعتماد: الیکشن نتائج اور جلسوں کی کامیابی آزاد کشمیر کے غیور عوام کے غیر متزلزل اعتماد کا منہ بولتا ثبوت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

فیصل آباد گرین لائنز کلب کے صدر کی سپیریئر کالج میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت، تعلیم اور شخصیت سازی پر زور

فیصل آباد گرین لائنز کلب اپنے 'یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام ' کے تحت نوجوانوں کی قیادت اور عملی تربیت کے لیے مستقبل میں بھی ایسے مثبت پلیٹ فارم فراہم کرتا رہے گا



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد گرین لائنز کلب کے صدر رانا کاشف حمید نے کلب کے سیکرٹری محمد فیاض اور خزانچی فہد اعجاز کے ہمراہ سپیریئر کالج (کوتوالی کیمپس (کی سالانہ ویلکم پارٹی میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

ایکسپو سینٹر لاہور میں تین روزہ "میڈ اِن فیصل آباد "نمائش کا باوقار انعقاد

نمائش میں فیصل آباد کی صنعت وتجارت، بالخصوص ٹیکسٹائل اور مقامی مصنوعات کی صلاحیتوں کو نمایاں انداز میں پیش کیا گیا



لاہور (نامہ نگار) ایکسپو سینٹر لاہور میں تین روزہ "میڈ اِن فیصل آباد "نمائش کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں فیصل آباد اور لاہور کی ممتاز کاروباری و تجارتی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش کا انعقاد فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر *رانا محمد سکندر اعظم خاں * کی خصوصی دعوت پر کیا گیا۔ نمائش میں فیصل آباد کی صنعت و (باقی صفحہ اندرونی نمبر 51)

از دفتر میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ

اشتہار نیلام عام ٹھیکہ جات ٹیکسی سٹینڈ فیس سال 27-2026ء

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ اپنے ٹیکسی سٹینڈ فیس کے ذرائع آمدن برائے سال 2026-2027 بذریعہ نیلام عام مورخہ 11 اگست 2026 بروز منگل بوقت 12 بجے دن زیر نگرانی نیلام کمیٹی بمقام دفتر میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ میں نیلام کر رہی ہے۔ بولی میں حصہ لینے والے بولی دہندہ کو زرضمانت ڈیپازٹ شیڈ بینک بنام میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ جمع کروانا ہوگی جو کہ ناکام بولی دہندہ کو نیلام کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ دیگر شرائط نیلام دفتری اوقات کار میں دفتر میونسپل آفیسر (فنانس) میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بغیر بتائے کسی بھی بولی یا تمام بولیاں منظور یا مسترد کر دے۔ میعاد ٹھیکہ 15-08-2026 تا 30-06-2027 ہوگی۔

1- نیلام میں حصہ لینے والے فرد کیلئے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا لازم ہوگا۔
2- بمطابق ہدایات حکومت پنجاب سے رجسٹرڈ ٹھیکیدار ہی نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔
3- ایسا کوئی بھی شخص جو (i) میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ کے واجبات کا نادہندہ ہو۔ (ii) میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ یا کسی اور ادارے کی جانب سے بلیک لسٹ کیا گیا ہو۔ (iii) دیوالیہ قرار دیا گیا ہو۔ (iv) قانون کے مطابق معاہدہ کرسکنے کے لیے نااہل قرار دیا گیا ہو وہ نیلامی میں حصہ لینے کا حق دار نہ ہوگا۔
4- چارج لینے سے قبل ٹھیکیدار کو کل زرِ ٹھیکہ کی رقم برابر شخصی ضمانت یا بینک گارنٹی مہیا کرنا ہوگی۔ جو ٹھیکیدار کے نادہندہ ہونے کی صورت میں ذاتی طور پر تمام بقایا جات / واجبات کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔
5- شیڈول کی شرح میں اضافہ کی صورت میں ٹھیکیدار اسی تناسب سے وصولی کرے گا اور اسی شرح سے اضافی رقم ہمراہ ماہانہ قسط و دیگر واجبات میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
6- ٹھیکیدار اقساط کی پیشگی ادائیگی ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر ٹھیکہ کی فوری طور پر منتقلی / منسوخی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔
7- ٹھیکیدار کسی بھی اراضی / سماوی، قدرتی آفت، جنگ، سیلاب، ہڑتال یا دیگر وجوہ کی بناء پر ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں میونسپل کمیٹی کھرڑیانوالہ سے کسی قسم کی رعایت / چھوٹ لینے کا حقدار نہ ہوگا۔
8- ٹھیکیدار کل زرِ ٹھیکہ کا 10% یا اس سے زائد / کم (جیسا کہ گورنمنٹ لاگو کرے) کے حساب سے انکم ٹیکس ادا کرنے پابند ہوگا۔
